خداوند یسوع مسیح کی پیروی کے عہد کا اعلان اور دعا

میں خدائے واحد، خالق، قادرِ مطلق باپ پر ایمان رکھتا ہوں۔

میں باقی تمام نام نہاد ''دیوتاؤں'' کو مسترد کرتا ہوں۔

میں اقرار کرتا ہوں کہ میں نے خدا کی ذات اور دوسرے لوگوں کے خلاف گناہ کیا ہے۔ یوں میں نے خدا کی نافرمانی کی ہے اور اسکی ذات اور اس کے قوانین کے خلاف بغاوت کی ہے۔

میں اپنے گناہ سے خود بچ نہیں سکتا۔

میرا ایمان ہے کہ یسوع ہی مسیح ہے جو خدا کا بیٹا ہے۔ انہوں نے میری خاطر صلیب پر جان دی اور میرے گناہوں کی سزا اپنے اوپر اٹھالی۔ وہ میرے لئے مردوں میں سے جی اٹھے۔

میں اپنے گناہوں سے توبہ کرتا ہوں۔ میں مسیح کی معافی کی بخشش کے لئے جسے اس نے صلیب پر پائی استدعا کرتا ہوں۔ میں اسی معافی کی بخشش کو حاصل کرتا ہوں۔

میں خدا کو اپنا باپ مانتا ہوں اور اس کا بنے رہنا چاہتا ہوں۔ میں ہمیشہ کی زندگی کی جستجو کرتا ہوں۔

میں زندگی کا اختیار خداوند یسوع کو دیتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ وہ میری زندگی پر میرے خداوند کی حیثیت سے آج سے ہی حکومت کرے۔

میں دوسرے تمام روحانی رابطوں کو ترک کرتا ہوں۔ خاص کر کلمۂ شہادت اور اسکے تمام تقاضوں کو ترک کرتا ہوں۔

میں شیطان اور تمام برائی کو مسترد کرتا ہوں۔ میں تمام غیر الٰہی معاہدوں کو توڑتا ہوں جنہیں میں نے بدروحوں اور بدی کے اصولوں سے کیا تھا۔

میں اپنے دوسرے تمام غیر الٰہی رابطوں کو ترک کرتا ہوں جو مجھ پر حاوی رہے۔

میں تمام غیر الٰہی معاہدوں کو جو میرے آباواجداد نے میرے لئے کئے تھے ترک کرتا ہوں جن کا کسی بھی صورت مجھ پر کوئی اثر تھا۔

میں تمام طبعی اور روحانی اہلیتوں کو ترک کرتا ہوں جو مسیح کے وسیلے خدا کی طرف سے نہیں ملتے۔ میں موعودہ روح القدس کی نعمت مانگتا ہوں۔

اے خدا باپ مجھے آزادی عطا فرما اور مجھے ایسے تبدیل کر کہ میں صرف تیرا اجلال ظاہر کر سکوں۔ مجھ میں روح القدس کا پھل پیدا کر تا کہ میں تیری تعظیم کر سکوں اور دوسروں سے پیار کر سکوں۔

میں انسانی گواہوں اور روحانی اختیار والوں کے سامنے اعلان کرتا ہوں کہ میں خداوند یسوع مسیح کے وسیلے خود کو خدا کے لئے وقف کرتا ہوں۔

میں آسمانی شہری ہونے کا اعلان کرتا ہوں۔ خدا میرا محافظ ہے۔ میں روح القدس کی مدد سے خداوند یسوع کے پیچھے چلنے کا عہد کرتا ہوں تا کہ وہ میری زندگی بھر میرا مالک رہے۔

آمین۔